## سوال

(238) حائضہ اور نفاس والی عورت سے ہم بستری کب جائز ہے ؟

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

حیض اور نفاس والی عورت سئ ہم بستری کب حلال ہوتی ہے ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

حائضہ اور نفاس والی عورت سے صرف اس وقت ہم بستری جائز ہے جب حیض یا نفاس کا خون ختم ہو جائے اور پھر وہ غسل کرلے، کیونکہ اللہ تعالی کا فرمان ہے۔

وَلا تَقرَبوهُنَّ حَتّىٰ يَطهُرنَ فَإِذا تَطَهَّرنَ فَأتوهُنَّ مِن حَيثُ أَمَرَكُمُ اللَّهُ... ٢٢٢ ... سورة البقرة

"اوران (حیض والی عوروتس) کے قریب مت جاؤ حتی کہ وہ (حیض سے) پاک ہو جائیں اور جب وہ غسل کرکے) پاک صاف ہو جائیں تو پھر ان کے پاس وہاں سے آؤ جہاں سے آنے کی اللہ تعالیٰ نے اجازت دی ہے۔" (سودی فتویٰ کمیٹی)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

## فتاویٰ نکاح و طلاق

# ص307

### محدث فتویٰ